جے آرٹ پکچرز کا

جگنو

اداکاران

شیخ مختار - چندر شیکھر - ناز

قیمت ۱/

ن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

گنگو تیلم کے گانے

گانا نمبر ۱

چل دیئے سب چھوڑ کر اب آسرا کوئی نہیں
کیا زمانے میں غریبوں کا خدا کوئی نہیں
کب تک میرے بھگوان تو سوتا ہی رہے گا
انسان جو روتا ہے وہ روتا ہی رہے گا
اپنا بھی نہ انسان ہو تقدیر سے مجبور
ہم سامنے ساحل بھی ساحل سے ہوئے دور
کب تک تو نا ڈبونا ہی رہے گا ڈبوتا ہی رہے گا
کب تک میرے بھگوان ۔
ہم اُن سے ملے مل کے بھی ملنے نہیں پائے
اپنا جنہیں سمجھے تھے ہوئے وہ بھی پرائے
دل روتا تھا روتا ہے روتا ہی رہے گا
کب تک میرے بھگوان ۔
بادل کے بھی آنکھوں سے چھلکنے لگے آنسو
بھگوان میرے حال پہ خاموش رہا تو
آنچل میرا اشکوں سے بھیگتا ہی رہے گا
کب تک میرے بھگوان
بھگوان کہاں چھپ گیا نیتا ہوا مکھڑا

کیوں چھین لیا ماں کے کلیجے کا یہ ٹکڑا
کب تک ستم یہ دُنیا میں ہوتا ہی رہے گا
کب تک میرے بھگوان۔

میرا۔ محفل ہے آج رنگ میں، ساقی ہے جام ہے
جب تک یہ رات باقی ہے سونا حرام ہے
یہ مہکی مہکی راتیں یہ چاند ستارے
جانے ہو کہاں ٹھہرو۔ کتنے ہیں یہ نظارے۔ یہ مہکی—
سویا ہے چندا سوئے ہیں تارے
سو جا رے سو جا راج دُلارے
سویا ہے چندا—
پلکوں پہ آتری ہے نندیا کی رانی
نینوں کو چُومے۔ سنائے کہانی
باہوں کا جھولا۔ ممتا جھُلائے
سو جا رے سو جا آنکھوں کے تارے
سویا ہے چندا—
جینے کا راز کیا ہے، تو نظریں اُٹھا کے دیکھ
جنت ہے تیرے سامنے، تو پلکیں اُٹھا کے دیکھ
یہ مہکی مہکی راتیں—
جُگ جُگ جیئے تو خوشیاں منائے
میری عمر بھی تُجھے لگ جائے
تو من کا موتی ہے، جیون کی جیوتی ہے

سوچا رے سوچا پرانوں سے پیارے ۔ سویا ہے چندا ۔
گانا نمبر ۳ :۔ یہ گورا گورا مکھڑا یہ کالا کالا تل
لے گئے دونوں مل کے دیکھو جی میرا دل
ہیں کھوٹی تیری باتیں اور کالا تیرا دل
دیوانے تو کہاں سے گیا ہے ہمیں مل
ہائے رے گورا ۔۔۔
یوں اترا کے ہمیں الجھا کے
دل کو چرا کے جاتے ہو کہاں
دیکھے یہ جھانسے کیوں ہمیں پھانسے
جائیں گے ہم تو مرضی جہاں ہو
دیکھو اکیلی نہ ملے گی منزل ۔ ہائے یہ گورا ۔
ہوا جو آئی لٹ لہرائی
یوں بل کھائی الجھ گئی رے
جا رے دیوانے کر نہ بہانے
تیری نشانی سمجھ گئی رے
پھر بھی نہ جانے تو ہماری مشکل ۔ ہائے یہ گورا ۔
کافر ادائیں ظالم نگاہیں
جان سے ماریں مجھکو بھی چاہیں
گن نے ہے روکا اب بھی ہے موقعہ
کھانا نہ دھوکا بھر نا نہ آہیں
ملتی ہے آنکھ ہم تو ہوئے ہیں گھائل ۔ ہائے یہ گورا ۔

گانا نمبر۔ کیا کہا ذرا پھر کہو، جی
اجی کیا کہا ذرا پھر کہو، کوئی سن لے گا اجی چپ رہو
تم نہ کہو تو لگا ہیں کہیں گی
تمہارے یہ لب کی ادائیں کہیں گی
یوں نہ ستایا کرو، کوئی سن لے گا اجی چپ رہو
کیا کہا ذرا پھر کہو، کوئی سن لے گا
کہنا تھا جو بھی ہم نے کہا ہے
نہ سمجھو تو کیا یہ ہماری خطا ہے
یوں نہ بہانے کرو، کوئی سن لے گا
کی ہے محبت تو کیسا چھپانا
نہ ہو جائے دشمن کہیں یہ زمانا
دنیا سے یوں نہ ڈرو، کوئی سن لے گا
کیا کہا ذرا پھر کہو، کوئی سن لے گا
گانا نمبر۵ کہیئے جناب کیسا حال ہے
کس حسین کا خیال ہے
آس کہیں اور دل کہیں
دلا کمال ہے کمال ہے
تم کہاں تھے ہم کہاں تھے، پھر بھی تم سے مل گئے
انجمن میں تم جو آئے لاکھوں غنچے کھل گئے
تھے ابھی تک تم کہاں، تم سے اتنا سوال ہے
آنکھیں کہیں اور دل کہیں للا کمال ہے

جب سے دیکھا ہے کسی کو، ہو گیا عالم جواں
تم بہت ہو خوبصورت ، کہہ اٹھا سارا جہاں
چاند تم کو کیوں کہیں، چاند پر تو داغ ہے
آنکھ کہیں اور دل کہیں، لاکمال ہے
گانا نمبر ۲ ایک نظر تیری ایک نظر میری
جب ملکرائی میں شرمائی تم ہی بتا دو کیوں
دیکھا تمہیں جب سے چین نہیں تب سے
دل مانا نہ بنا دیوانہ، تم ہی بتا دو کیوں
ایک نظر تیری ——
کالی زلفیں ہٹا دو چاند کو نہ چھپاؤ
ہم بھی دیکھیں کیا ہے جلوا تم سے نہ شرماؤ
دل کی دھڑکن میری آج بڑھتی جائے
پیار تیرا کون جانے مجھ کو کیوں تڑپائے
تم ہی بتا دو کیوں ، ایک نظر تیری ، دیکھا تمہیں جب سے
مہکی مہکی ہوائیں دے رہی ہیں صدائیں
آج ہنس کے ڈال بھی دو تم میرے گلے میں باہیں
دل یہ چاہے میرا ، ساتھ نہ چھوٹے تیرا
ایسی ہو رات ملن کی کبھی نہ ہو سویرا
تم ہی بتا دو کیوں ، ایک نظر تیری
ختم شد

عملیات تسخیر محبوب عرف ہمدرد عشاق

اگر آپ کا دل کسی کافر جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہے اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی۔ منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمائیے۔ اس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور اعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں۔ بار ہا اشخاص کا بار ہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیں۔

قیمت صرف ۱۲/-/- محصول ڈاک معاف

اندر جال کلاں عرف استاد جادوگر

یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے جس کے لئے اردو داں اصحاب ایک مدت سے مشتاق تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف ۱/-/- محصول ڈاک معاف

زنن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی